26/01/2026
07.40 PM

آداب
یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر مینتجمل احمد
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز
*........ قوم آج شایانِ شان طریقے پر منا رہی ہے 77واں یوم جمہوریہ//صدر جمہوریہ دروپدی مر مو نے جشن جمہور منانے میں کی ملک کی قیادت ۔

*........ نئی دلی کے کر تویہ پتھ پر منعقدہ ملکی سطح کی سب سے بڑی تقریب کے دوران کی گئی ملک کی فوجی طاقت، گوناگوں ثقافتی ورثے اور ترقی کی عکاسی۔

*........ جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا جبکہ سرینگر میں نائب وزیر اعلیٰ سرندر کمار چودھری نے قومی جھنڈا پھیرا کر مارچ پاسٹ پر لی سلامی۔

اور

*........صاف توانائی کا عالمی دن آج۔

یوم جمہوریہ
قوم آج حب الوطنی کے جذبے کے تحت شایانِ شان طریقے پر اپنا 77 واں یوم جمہوریہ منا رہی ہے ۔ اس سلسلے میں ملک بھر میں خصوصی تقاریب کا انعقاد کیا گیا جن میں مہمانانِ خصوصی نے قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔ جشن جمہور کی سب سے بڑی تقریب نئی دلی میں کرتویہ پتھ پر منعقد ہوئی جہاں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے قومی جھنڈا پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔ مارچ پاسٹ پر ملک کی ثقافتی گوناگونیت ، فوجی طاقت اور مختلف شعبوں میں حاصل کی گئی کامیابیوں کی عکاسی کی گئی ۔

------Salami-------

اور یورپین Antonio Da Costa اس سال یوم جمہوریہ کی تقریب پر یورپین کونسل کے صدر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھےں۔ صدر Ursula Von Der Leyen کمیشن کی صدر جمہوریہ نے بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شُبھانشو شکلا کو بھارت کے اعلیٰ ترین امن کے دور کی شجاعت کے ایوارڈ اشوک چکر سے نوازا ۔
اس سے پہلے آج صبح وزیر اعظم نریندر مو دی نے قومی وار میموریل پر حاضری دیکر شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

فوج کی تینوں شاخوں نیز جموں کشمیر سمیت مختلف ریاستوں ، مرکزی زیر انتظام علاقوں اور الگ الگ وزارتوں کی جھانکیاناس پریڈ میندلچسپی کامرکز تھیں۔
واضح رہے کہ اس سال زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کام انجام دینے والے کئی مہمانوں کو بھی یوم جمہوریہ کی تقریب کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔

جمونو کشمیر تقریب

جمونو کشمیر میں بھی یوم جمہوریہ کے سلسلے میں پُر وقار تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب مولانا آزاد میموریل اسٹیڈیم جموں میں منعقد ہوئی جہاں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے قومی جھنڈا پھیرا کر پریڈ کا معائنہ کیا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ مار چ پاسٹ میں جمونو کشمیر ، فائر اینڈایمر جنسی سروسز ، این سی سی، فوج، بی ایس ایف اور سی آر پی ایف دستوں کے علاوہ مختلف سکولوں کے بچوں نے بھی حصہ لیا۔

-------Salami--------

اس موقعے پر لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ جمونو کشمیر ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے اور لوگوں کی راحت رسانی کےلئے مختلف شعبوں میں متعدد پروجیکٹ عملائے جارہے ہیں۔ انہوں نے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے عام لوگوں ، سرکاری ملازمین، جموں کشمیر پولیس اور فورسز کے اہلکاروں کی ستائش کی ۔

----(LG)--Byte------

اس موقعے پر رنگا رنگ ثقافتی پروگرام بھی پیش کئے۔

----( Culture Progamme)--Byte---

جموں میں منعقدہ تقریب پر پولیس اور سیول انتظامیہ کے افسروں کے علاوہ کا فی تعداد میں عام لوگوں نے بھی شرکت کی۔

خراجLG

اس سے پہلے منوج سنہا نے پولیس شہیدی یاد گار اور بلیدھان ستمبھپر گل دائرے چڑھا کر پولیس، فوج اور دیگر حفاظتی عملے کے شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت ادا کیا۔

سرینگر تقریب

ادھر سرینگر کے بخشی اسٹیڈیم میں یوم جمہوریہ کی تقریب پر جمونو کشمیر کے نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے ترنگا پھیرا یا، پریڈ کا معائنہ کیا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار ترقی کی رفتار کو آگے بڑھانے میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی پالیسیوں کی بدولت اقتصادی اور سیاحتی سرگرمیوں کو دوام حاصل ہو رہا ہے ۔

------Byte------

اس موقعہ پر ایک رنگا رنگ تمدنی پروگرام بھی پیش کیا گیا ۔

------- Music ------

IGPسابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی ، کئی ارکانِ قانون سازیہ ، ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ ، کشمیر وی کے بردی کے علاوہ انتظامیہ اور پولیس کے کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی اس موقعہ پر موجود تھے ۔

نائب وزیر اعلیٰ خراج
اس سے قبل نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے پرتاپ پارک سرینگر میں بلیدان ستمبھ پر حاضری دے کر قوم کی سالمیت کو بر قرار رکھنے کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا ۔

اضلاع تقریب
جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں 77 ویں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں تقاریب منعقد ہوئیں ۔ وزیرتعلیم سکینہ ایتونے اننت ناگ // وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے بارہمولہ // امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کھٹوعہ اور جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ ضلع میں قومی ترنگا پھیرا کر مارچ پاسٹ کا معائینہ کیا۔
وادی کے دیگر اضلاع میں متعلقہ ضلع ترقیاتی کونسلونکے چیر پرسنوں نے قومی پرچم چیر مین محمد DDC پھیریا۔شوپیان میں ضلع ترقیاتی کونسل کی چیر پرسن بلقیس جان // کولگام میں افضل پرے //کپواڑہ میں ضلع ترقیاتی کونسل کے چیر مین عرفان سلطان پنڈت پوری //گاندربل چیر پرسن نذہت اشفاق //پلوامہ میں ضلع ترقیاتی کونسل کے چیر مین باری اندرابی DDC میں //بانڈی پورہ میں ڈی ڈی سی چیر مین عبدالغنی بٹ اور بڈگام میں ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹمارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

وقف بورڈ یوم جمہوریہ
یوم جمہوریہ کے سلسلے مینجموں کشمیر وقف بورڈ کے اہتمام سے جموں میں پرچم کُشائی کی تقریب منعقد ہوئی ۔جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بورڈ کے ممبر ان ڈاکٹر غلام نبی حلیم اور سید محمد حقانی کی موجود گی میں قومی جھنڈا لہرایا اور سلامی لی ۔ ڈاکٹر اندرابی نے اس موقعہ پر ملک کو ترقی یافتہ اور مضبوط بنانے میں یوم جمہوریہ کی اہمیت کو اجا گر کیا ۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ آئین کے اصولوں کی پاسداری کرتے ہوئے ملک کی تعمیر میں اپنا رول ادا کریں ۔

ہائی کورٹ تقریب
جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی جموں اور سرینگر شاخوں میں بھی پرچم کشائی کی تقریبات منعقد ہوئیں۔ جموں شاخ میں چیف جسٹس، جسٹس ارُن پلی نے قومی جھنڈا پھیرا یا۔
اس موقعہ پر حب الوطنی کی دُنیں پیش کی گئیں ۔ تقریب پر ہائی کورٹ کے متعدد جج صاحبان اور دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں ۔ ہائی کورٹ کی سرینگر شاخ میں بھی یوم جمہوریہ کے سلسلے میں پرچم کُشائی کی تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعہ پر جسٹس سِندھو شرما نے قومی ترنگا پھیرا اور سلامی لی۔
کورٹ سرینگر میں بھی یوم جمہوریہ منانے کی خاص تقریب منعقد ہوئی ۔ Lower

بلاک تحصیل تقریب

یوم جمہوریہ کے سلسلے میں بلاک اور تحصیل سطحوں کے علاوہ جموں کشمیر کی تمام یونیورسٹیوں ، تمام تعلیمی اداروں ،شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ اور سرکاری دفاتر میں بھی پرچم کُشائی کی تقاریب منعقد ہوئیں جن میں مہمانانِ خصوصی نے حب الوطنی کے جذبے کے تحت قومی پرچم لہرایا ۔

ڈویژنل کمشنر تقریب

ڈویژنل کمشنر کشمیر کے دفتر میں بھی یوم جمہوریہ کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران صوبائی کمشنر انشل گرگ نے قومی جھنڈا پھیرا یا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

BJP

جموں کشمیر کی طرف سے آج یوم جمہوریہ کے سلسلے میں جموں میں مختلف مقامات پر BJP تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ پارٹی ہیڈ کوارٹر پر منعقدہ تقریب کے دوران بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے قومی جھنڈا لہرایا ۔ اس موقعہ پر ست شرما نے کہا کہ بھارت دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے ۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ ہر صورت میں جمہوریت کی پاسداری کر کے ملک کی ترقی میں اپنا رول ادا کریں ۔

اس موقعہ پر پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے ۔ کچی چھاونی میں پارٹی دفتر پر ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے دیگر لیڈروں کی موجودگی میں قومی جھنڈا لہرایا اور سلامی لی ۔ سٹی چوک جموں میں ممبر پارلیمنٹ جگل کشور شرما نے قومی جھنڈا لہرایا۔

پردیش کانگریس

پردیش کانگریس کمیٹی کے سرینگر دفتر پر بھی 77 ویں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعہ پر مہمانِ خصوصی نے قومی پرچم لہرایا ۔ تقریب پر ڈی سی صدر عادل فاروق میر لسجن اور کئی دیگر لیڈران بھی موجود تھے ۔

آکاشوانی سرینگر تقریب

اِدھر آکاشوانی سرینگر کے احاطے میں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعہ پر آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گُر بندر سنگھ نے قومی جھنڈا لہرایا ۔ تقریب پر سٹیشن کے افسران اور عملہ بھی موجود تھا ۔

دور درشن سرینگر میں بھی آج یوم جمہوریہ کے سلسلے میں پرچم کُشائی کی ایک تقریب منعقد ہوئی ۔

جے کے بنک تقریب

امیتاب چیٹرجی نے بنک کے CEO اور MD یوم جمہوریہ کے سلسلے مینجموں کشمیر بنک کے جموں ڈویژنل آفس میں قومی جھنڈا پھیرایا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں-
پربھی سما عت کر سکتے ہیں- DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں -

-----Gong-----

یوم جمہوریہ مبارک باد

77 ویں یوم جمہوریہ کے موقعہ پر نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی اور کئی دیگر اہم شخصیات نے ہم وطنوں کو مبارک باد دی ہے -

اِدھر لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے بھی لوگوں کو یوم جمہوریہ کے موقعہ پر مبارک باد دی ہے -

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی لوگوں کو یوم جمہوریہ کی مبارک باد دی ہے -

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی لوگوں کو مبارک باد دی ہے -

IGP کشمیر وی کے بردی نے جموں کشمیر پولیس کے افسروں اور جوانوں کو مبارکباد پیش کی ہے، جنہیں یوم جمہوریہ کے موقعے پر بہادری کے اعزازات سے نوازا گیا ہے -

یوٹی ایوارڈس

دریں اثناءجموں کشمیر حکومت نے یوم جمہوریہ کے موقعہ پر زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے 56 شخصیات کو اپنے اپنے شعبونمیں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لئے حکومتی ایوارڈس دینے کو منظوری دی ہے -

پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی اور پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں نے ایوارڈ حاصل کرنے کے لئے ان شخصیات کو مبارک باد دی ہے -

ایوارڈ حاصل کرنے والے فی شخص کو 51 ہزار نقدی اور ایک توصیفی سند دی جائے گی تاہم ہاپت ناڈ پہلگام کے عادل حسین شاہ کو بہادری کے شعبے میں بعد از مرگ ایوارڈ کے طور پر ایک لاکھ روپے نقدی اور ایک توصیفی سند دی جا رہی ہے -

At Home

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے SKICC سرینگر میں At Home کا اہتمام کیا جس میں ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ کے علاوہ انتظامیہ اور پولیس کے دیگر اعلیٰ افسروں کے ساتھ ساتھ میڈیا اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی -

پولیس

سرینگر پولیس کے کئی اعلیٰ افسروں نے آج احترام کے طور پر کئی شہید پولیس اہلکاروں کے گھر جا کر ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ بات کی اور اُن میں مٹھائیاں اور تحائف تقسیم کئے ۔
شوپیان پولیس نے بھی یوم جمہوریہ کے موقعہ پر شہید پولیس اہلکاروں کی قربانیوں کو یاد کیا اور ان کے گھر جا کر ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ بات چیت کی ۔

یوٹی ڈے

یوٹی ڈے منایا گیا ۔ اس موقعہ Diu اینڈ Daman لوک بھون جموں میں آج دادرا اینڈ نگر حویلی اور پر لیفٹنٹ گورنر نے وہاں کے لوگوں کو مبارک باد اور نیک خواہشات دیں ۔ ایل جی نے وہاں کے لوگوں کی ترقی اور خوشحالی کے لئے دعا کی ہے ۔

پدم ایوارڈس

مرکزی حکومت نے سال 2026 کے لئے 131 پدما ایوارڈس کا اعلان کیا ہے ۔ ان میں پانچ پدم وِبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔ ان میں کشمیر سے تعلق رکھنے والے معروف ادیب پروفیسر شفیع شوق، جموں کے سماجی کارکن برج لال بٹ اور لداخ کی ڈاکٹر پدما گُرمیت شامل ہیں ۔
پروفیسر شفیع شوق نے آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

--------Shafie--------

اور یہ ہیں سماجی کارکن برج لال بٹ کے تاثرات ۔

------Brijlal------

پدم شری ایوارڈ مبارک باد

معروف ادیب اور تعلیم دان ڈاکٹر حسرت حسین ، ادبی مرکز کمراز کے صدر محمد امین بٹ ، ایسو سی ایشن اور کئی دیگر شخصیات اور انجمنوں نے پروفیسر شفیع شوق کو Listeners ریڈیو پدم شری ایوارڈ حاصل کرنے پر مبارک باد دی ہے ۔

توانائی دن

آج صاف وشفاف توانائی کا بین الاقوامی دن ہے ۔ یہ دن منانے کا بنیادی مقصد لوگوں میں شفاف توانائی کی اہمیت اور حیاتیاتی تنوع کو آلائشوں اور آلودگیوں سے پاک رکھنے کیلئے اقدامات کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔
جمونو کشمیر (INDIA) The Institution of Engineers اس دن کی اہمیت کے حوالے سے سینٹرکے چیرمین انجینئر فردوس احد بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--(Firdous Ahad.)--Byte---

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج کل کے حکمرانی کے نظام میں شہریوں کو مرکزی حیثیت حاصل ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ایک مضمون کو سانجھا کرتے ہوئے کہا کہ بھارت سماجی انصاف اور اقتصادی شمولیات کی بلندیوں کو چھو رہا ہے ۔ راج ناتھ سنگھ نے اس مضمون میں وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جاری ترقیاتی منظر نامے کی عکاسی کی ہے ۔

Winter

وادی مینموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی بارش یابرفباری کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت4اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 0 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت16اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر32منٹ اور غروب آفتاب شام5 بجکر56منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر
کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ